# سیرت رسول ﷺ

# نہج البلاغہ کی روشنی میں

# مومنین کے لئے خوشخبری

Whatsapp پر دینی معلومات جیسے کہ عقائد،

اخلاقیات، درس قرآن

فقہی مسائل، "خواتین کے مخصوص مسائل"

وظیفے، میمبرز کے فقہی سوالات، جو وہ الگ سے پوچھ سکتے

ہیں

کلمات امیر المومنینؑ از نہج البلاغہ، احادیث معصومینؑ

ہر مناسبت کے حوالہ سے اعمال

دعائیں اور دیگر دینی معلومات حاصل کرنے کے لئے قرآن و

عترت کے گروپ کو جوائن کریں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے گروپ میں شامل ہونے

کے لئے ان میں سے کسی ایک پر کلک کریں۔

تمام گروپ میں مشترکہ نشریات بھیجی جاتی ہیں اسلئے ایک

سے زائد گروپ میں شامل نہ ہوں تاکہ دوسری بھی شامل ہو

کر استفادہ کرسکیں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے دینی ویڈیوز Youtube پر دیکھنے

کے لئے ہمارے Youtube channel کو Subscribe کریں

اسلامی گرافکس کے لئے Instagram پر Follow کریں

اور ہماری Facebook Page کو Like کریں

# سیرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہج البلاغہ کی روشنی میں

## بہترین نمونہ عمل

یقینا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے آپ کی ذات دنیا کے عیوب اور اس کی ذلت و رسوائیوں کی کثرت کو دکھانے کے لیے راہنما ہے اس لیے کہ آپ سے دنیا کے دامنوں کو سمیٹ لیا گیا اور دوسروں کے لیے اس کی وُسعتیں ہموار کر دی گئیں آپ کو اس کے منافع سے الگ رکھا گیا اور اس کی آرائشوں سے کنارہ کش کر دیا گیا۔

نہج البلاغہ (ترجمہ مفتی جعفر حسین) خطبہ نمبر ۱۵۸، ص ۴۳۰

QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## اطاعت رسولِ اکرم ﷺ

تم لوگ اپنے طیب و طاہر پیغمبر کی پیروی کرو چونکہ ان کی ذات اتباع کرنے والوں کے لیے بہترین نمونہ اور صبر و سکون کے طلب گاروں کے لیے بہترین سامان صبر و سکون ہے، اللہ کی نظر میں محبوب ترین بندہ وہ ہے جو اس کے رَسُول کی پیروی کرے اور ان کے نقش قدم پر قدم آگے بڑھائے۔ انہوں نے دنیا سے صرف مختصر غذا حاصل کی اور اسے نظر بھر کر دیکھا بھی نہیں ساری دنیا میں سب سے زیادہ خالی شکم پیٹ رہنے والے اور شکم تہی میں بسر کرنے والے تھے۔ ان کے سامنے دنیا کی پیشکش کی گئی تو انہوں نے اُسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

نہج البلاغہ (ترجمہ مفتی جعفر حسین) خطبہ نمبر ۱۵۸، ص ۴۳۲

قرآن و عترت اکیڈمی
اے... مجھے تعلیم و تعلم کی توفیق عطا فرما

You Tube
QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## بعثت نبی ﷺ کی خبر

اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی سے پہلے آنے والے تمام انبیاء سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ ہمارے نبی کے مبعوث ہونے کی خبر اور ان کے فضائل اپنی اپنی امتوں کو بیان کریں اور انہیں ان کے آنے کی بشارت اور تصدیق کرنے کا حکم دیں۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱، ص ۹۰

قرآن و عترت اکیڈمی

You Tube

QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## بعثت نبی ﷺ کے حالات

اس وقت اہل زمین متفرق مذاہب، منتشر خواہشات اور الگ الگ راستوں پر گامزن تھے۔ اس طرح سے کہ کچھ اللہ کو مخلوق سے تشبیہ دیتے، کچھ اس کے ناموں کو بگاڑ دیتے کچھ اُسے چھوڑ کر اوروں کی طرف اشارہ کرتے تھے۔ پس خداوند عالم نے آپ ﷺ کے ذریعہ سب کو گمراہی سے ہدایت دی اور آپ کے وجود سے جہالت سے باہر نکالا۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱، ص ۹۰

QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## بعثت نبی ﷺ کا مقصد

پروردگار نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث کیا تاکہ آپ لوگوں کو بت پرستی سے نکال کر عبادت الٰہی کی منزل کی طرف لے آئیں اور شیطان کی اطاعت سے نکال کر رحمن کی اطاعت کرائیں اس قرآن کے ذریعہ جسے اُس نے واضح اور محکم قرار دیا ہے تاکہ بندے اپنے رب سے جاہل و بے خبر رہنے کے بعد اُسے پہچان لیں، ہٹ دھرمی اور انکار کے بعد اس کے وجود کا یقین اور اقرار کریں۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱۴۵، ص ۳۹۹

QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## رسول اکرم ﷺ ہدایت کا نشان

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نا قابل انکار دلیلوں، واضح کامرانیوں اور راہ (شریعت) کی راہنمائیوں کے ساتھ بھیجا آپ نے اس کے پیغام کو واشگاف انداز میں پیش کر دیا اور لوگوں کو سیدھے راستے کی راہنمائی کر دی۔ ہدایت کے نشان قائم کر دیے اور روشنی کے منارے استوار کر دیے اسلام کی رسیوں کو مضبوط بنا دیا اور ایمان کے بندھنوں کو مستحکم کر دیا۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱۸۳، ص ۵۰۱

قرآن و عترت اکیڈمی
QURANOITRATACADEMY

# رسول اکرم ﷺ اشرف کائنات

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو امت کے اعمال کا گواہ، ثواب کی بشارت دینے والا، اور عذاب سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا، جو بچپن میں بہترین خلائق اور سن رسیدہ ہونے پر بھی اشرف کائنات تھے، عادات کے اعتبار سے تمام پاکیزہ افراد سے زیادہ پاکیزہ اور باران رحمت کے اعتبار سے ہر سحاب رحمت سے زیادہ کریم و جواد تھے۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱۸۳، ص ۵۰۱

قرآن و عترت اکیڈمی
اے... مجھے تعلیم و تعلم کی توفیق عطا فرما
YouTube
QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## رسول اکرم ﷺ کا زہد اور تقوی

رسول اللہ ﷺ زمین پر بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے اور غلاموں کی طرح بیٹھتے تھے اپنے ہاتھ سے جوتی ٹانکتے تھے اور اپنے ہاتھوں سے کپڑوں میں پیوند لگائے تھے اور بے پالان گدھے پر سوار ہوتے تھے اور اپنے پیچھے کسی کو بٹھا بھی لیتے تھے، گھر کے دروازے پر ایک دفعہ ایسا پردہ پڑا تھا جس میں تصویریں تھیں تو آپ نے اپنی ایک زوجہ سے فرمایا کہ اسے میری نظروں سے ہٹادو، جب میری نظریں اس پر پڑتی ہیں تو مجھے دنیا اور اس کی آرائشیں یاد آجاتی ہیں، آپ نے دنیا سے دل ہٹا لیا تھا اور اس کی یاد تک اپنے نفس سے مٹا ڈالی تھی اور یہ چاہتے تھے کہ اس کی سج دھج نگاہوں سے پوشیدہ رہے تاکہ ان سے عمدہ عمدہ لباس حاصل کریں اور نہ اُسے اپنی منزل خیال کریں اور نہ اُس میں زیادہ قیام کی آس لگائیں۔

نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱۵۸، ص ۴۳۳ ـ ۴۳۲

قرآن و عترت اکیڈمی

QURANOITRATACADEMY

# سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

## رسول اکرم ﷺ ایک بہترین طبیب

آپ وہ طبیب تھے جو اپنی طبابت کو لیے ہوئے چکر لگا رہا ہو، جس نے اپنے مرہم کو درست کر لیا ہو اور داغنے کے آلات کو تپا لیا ہو، وہ اندھے دلوں، بہرے کانوں گونگی زبانوں (کے علاج معالجہ) میں جہاں ضرورت ہوتی ہے، ان چیزوں کو استعمال میں لاتا ہو اور دوا لیے ایسے غفلت زدہ اور حیرانی و پریشانی کے مارے ہوؤں کی کھوج میں لگا رہتا ہو۔

نہج البلاغہ (ترجمہ مفتی جعفر حسین)، خطبہ نمبر ۱۰۶، ص ۳۱۹

قرآن و عترت اکیڈمی
QURANOITRATACADEMY

## سیرت رسول خدا ﷺ نہج البلاغہ کی روشنی میں

# رسول اکرم ﷺ کی شجاعت

ہمیشہ ایسا ہوتا ہے کہ جب جنگ میں شدت پیدا ہو جاتی اور دو گروہ برسرپیکار ہو جاتے تو ہم آنحضرت ﷺ کی پناہ میں آجاتے اور آپ کو اپنی سپر قرار دیتے کیونکہ آپ ﷺ کے علاوہ کوئی بھی دشمن کے قریب نہ ہوتا۔

نہج البلاغہ (ترجمہ مفتی جعفر حسین)، خطبہ نمبر ۱۰۶، ص ۳۱۹